DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 10-08-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | ملازمین کی تنخواہوں اور مراعات میں تفریق کا خاتمہ ضروری ہے، گورنر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | بلوچستان کے تمام حلقوں میں امیدوار کھڑے کرینگے، مولانا عبدالوسع۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | عام انتخابات میں کارکردگی کی بنیادی پرعوام کے سامنے پیش ہونگے، سکندرعمرانی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | وفاق نے ہمیشہ سوتیلی ماں کوسلوک کیا، زمرک اچکزائی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | پانچ سالہ پارلیمانی دور میں 96 بل منظور کیے رباب بلیدی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | عوامی مفاد میں پارٹی بدلنا بری بات نہیں، نورمحمد دمڑ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | معذور ملازمین کے اسپیشل کنوینس الاؤنس میں اضافے کی منظوری۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | پی پی کی طرف دوڑ لگانے والوں نے جلدی کی، جان جمالی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | سیکرٹری اطلاعات محمد حمزہ شفقات کی گریڈ 20 میں ترقی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | حکومت پاکستان کاریکوڈک کا اپنا حصہ سعودی عرب کو دینے کا امکان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | نگران وزیراعلیٰ کیلئے اپوزیشن جماعتوں کے نام سامنے آ گئے۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | جرمنی اور پاکستان کے مابین تجارتی حجم بڑھانے کیلئے پرعزم ہیں ڈاکٹر وڈیگرلوٹز۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر شہریوں میں یوم آزادی کی تیاریاں زور شور سے جاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | بلوچستان اور سندھ کی اسمبلیاں تحلیل کرنے کی سمری کل بھیجی جائیں گی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | سردار عطاء اللہ مشکلات اور صعوبتوں کے باوجود اپنے موقف پر قائم رہے، بی این پی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | حکومت پولیس اور ادارے قیام امن میں ناکام ہیں، جے یو آئی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | متحد ہوئے بغیر حقوق کا حصول ممکن نہیں، نواب ثناء زہری۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

ژوب فورسز کا ٹارگٹڈ آپریشن تین دہشتگرد ہلاک کوئٹہ میں دستی بم حملہ خاتون سمیت 6 افراد زخمی، خضدار سڑک کنارے، بم دھماکے، اے این ایف اور لیویز کی کاروائیوں میں 250 کلو منشیات برآمد، لیویز فورس قلات نے پانچ اشتہاری ملزمان گرفتار کرلیا۔

Scanned with CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 10-08-2023

## عوامی مسائل

شیرانی ضلعی ہیڈکوارٹر کی فعالیت ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائی جائے عوامی حلقے، صوبے میں اساتذہ کے کمی کے باعث ہزاروں سکول بند پڑے ہیں ایس بی کے متاثرین، بااثر افراد کی جانب سے اراضی پر قبضے کا نوٹس لینے کا مطالبہ۔ شیرانی گاڑی پانی میں بہہ گئی خاتون سمیت 3 لاشیں نکال لی گئیں۔

## اداریہ :

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**سبی ہرنائی ریلوے ٹریک کی بحالی !!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ 17 سال کے بعد سبی اور ہرنائی کے درمیان ریلوے ٹریک بحال اور ٹرینوں کی آمدورفت شروع ہوگئی ہے۔ دہشت گردی کے باعث ریلوے ٹریک اور ٹرین سروس کی بحالی کے منصوبے پر کام رکا ہوا تھا لیکن اس حکومت نے یہ مشکل ترین کام کر کے دکھادیا۔ گورنر بلوچستان عبدالولی کاکڑ نے کئی سیاسی رہنماؤں کے ہمراہ سبی میں ہونے والی تقریب میں اس کا افتتاح کیا اور سبی سے ایک ٹرین ہرنائی کے لئے روانہ ہوئی۔ انگریز کے دور میں یہ ریلوے ٹریک تعمیر ہوئی تھی اور قیام پاکستان کے بعد بھی سبی اور ہرنائی کے درمیان ٹرینوں کی آمدورفت ہوتی رہی لیکن سترہ سال پہلے دہشت گردی کی وجہ سے ٹریک بند کرنا پڑی۔ ریلوے ٹریک کی بحالی سے نہ صرف شہریوں کو سفر کی سہولت حاصل ہوگی بلکہ علاقے میں تجارت اور معیشت کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔

## اداریے:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بلوچستان مردم شماری 70 لاکھ افراد کی گمشدگی وسائل پر ڈاکہ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Shrinking Balochistan population" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Balochistan census reservations & legislative journey" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان کے مسائل سیاسی جماعتوں کب سنجیدہ ہوں گی**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**وزیر اعظم کا دورہ گوادر اہم منصوبوں کا افتتاح**" کے عنوان سے چاکر بلوچ مضمون شائع کیا ہے۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**ریکوڈک کی بلی تھیلی سے باہر آگئی**" کے عنوان سے انور ساجدی کا مضمون شائع کیا ہے

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

10 AUG 2023

Bullet No. 1

DATE:

Page No: 1

# ملازمین کی تنخواہوں اور مراعات میں تفریق کا خاتمہ ضروری ہے، گورنر

**اسٹیچڈ ڈیپارٹمنٹس میں احساس محرومی پیدا ہورہا ہے، سرکاری افسران سفارش کلچر اور اقربا پروری کے تدارک میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں، ملک عبدالولی خان کاکڑ کی وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ مختلف سرکاری اداروں اور محکموں میں یکساں گریڈ رکھنے والے آفیسرز اور ملازمین کی تنخواہوں اور الاؤنسز میں تفریق سے اٹیچڈ ڈیپارٹمنٹس میں احساس محرومی پیدا ہورہا ہے جو فوری طور پر ایک توجہ طلب مسئلہ ہے ضروری ہے کہ ایک ہی گریڈ کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور مراعات میں توازن پیدا کیا جائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے عبداللہ خان درانی کی قیادت میں فیڈریشن آف اٹیچڈ ڈیپارٹمنٹس آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے عہدیداروں پر مشتمل وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ پروموشن اور تعیناتی میں میرٹ کی پاسداری اشد ضروری ہے گورنر بلوچستان نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ سفارش کلچر اور اقربا پروری کا مکمل خاتمہ اعلیٰ سرکاری آفیسران ہی ممکن بنا سکتے ہیں اچھی طرز حکمرانی قائم کرنے اور معاشرے کے بے آواز لوگوں کی آواز بننے میں آفیسرز پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں گورنر بلوچستان نے کہا کہ ادارے اور قوانین عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بنتے ہیں لہٰذا آپ بھی خدمت کے جذبے سے سرشار ہوکر دیانتداری سے اپنے فرائض انجام دیں محض کاغذی کاروائی نہیں بلکہ ہر ادارے کی کارکردگی نظر بھی آنی چاہیے سرکاری آفسرز کسی قسم کے دباؤ میں آئے بغیر اپنی پیشہ روانہ صلاحیتیں بروئے کار لاکر عوام کو درپیش مسائل و مشکلات حل کریں گورنر نے کہا کہ مضبوط چیک اینڈ بیلنس میکنزم کے بغیر تمام اداروں میں احتساب، شفافیت اور جوابدہی کو برقرار نہیں رکھا جا سکتا انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کی آمد سے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ اداروں اور محکموں کو کمپیوٹرائز کرنے اور سرکاری آفیسرز اور ملازمین کے استعداد کار کو بڑھانے کے بغیر ہم اپنی کارکردگی کو بہتر نہیں بنا سکتے۔

MASHRIQ QUETTA

# سفارش کلچر اور اقربا پروری کا مکمل خاتمہ اعلیٰ آفیسران ہی ممکن بنا سکتے ہیں، گورنر بلوچستان

**اچھی طرز حکمرانی قائم کرنے اور معاشرے کے بیآواز لوگوں کی آواز بنے میں آفیسرز حضرات پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں**

**مضبوط چیک اینڈ بیلنس میکنزم کے بغیر تمام اداروں میں احتساب، شفافیت اور جوابدہی کو برقرار نہیں رکھا جاسکتا، وفد سے بات چیت**

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ مختلف سرکاری اداروں اور محکموں میں یکساں گریڈ رکھنے والے آفیسرز اور ملازمین کی تنخواہوں اور الاونسز میں پایا جانے والا تفریق سے خاص طور پر صوبے کے اٹیچڈ ڈیپارٹمنٹس میں احساس محرومی پیدا ہورہی ہے جو فوری طور پر ایک توجہ طلب مسئلہ ہے۔ ضروری ہے کہ ایک ہی گریڈ کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور مراعات میں توازن پیدا کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عبداللہ خان درانی کی قیادت میں فیڈریشن آف اٹیچڈ ڈیپارٹمنٹس آفیسرز ویلفیئر

بقیہ ........ 50 صفحہ نمبر 9 پر

ایسوسی ایشن کے عہدیداروں پر مشتمل وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ پروموشن اور تعیناتی میں میرٹ کی پاسداری اشد ضروری ہے۔ گورنر بلوچستان نے دوٹوک الفاظ میں واضح کر دیا ہے کہ سفارش کلچر اور اقربا پروری کا مکمل خاتمہ اعلیٰ سرکاری آفیسران ہی ممکن بنا سکتے ہیں۔ اچھی طرز حکمرانی قائم کرنے اور معاشرے کے بیآواز لوگوں کی آواز بنے میں آفیسرز حضرات پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ادارے اور قوانین عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بنتے ہیں لہذا آپ بھی خدمت کے جذبے سے سرشار ہوکر دیانتداری سے اپنے فرائض انجام دیں محض کاغذی کاروائی نہیں بلکہ ہر ادارے کی کارکردگی نظر بھی آنی چاہیے

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1 DATE: 10 AUG 2023 Page No: 2

# Proper check ensures transparency in institutions: Governor

## Urges government officers to serve masses without any pressure



**Staff Report**

QUETTA: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar on Wednesday said that the government officers should solve the problems being faced by people in the areas through using their professional abilities without coming under any kind of pressure.

He said that the difference in salaries and allowances of officers and employees of the same grade in various government institutions and departments was creating a feeling of deprivation, especially in the attached departments of the province which was an issue that needs immediate attention. It is necessary to balance the salaries and benefits of government employees of the same grade, he said.

He expressed these views while talking to the delegation comprising the officials of the Federation of Attached Departments Officers Welfare Association under the leadership of Abdullah Khan Durrani. On this occasion, Governor Balochistan said that adherence to merit in promotion and appointment is very important.

The Governor made it clear in two blunt words that only top government officials could make complete elimination of the culture of recommendation and nepotism possible saying that officers have great responsibilities in establishing good governance and becoming the voice of the voiceless people of the society.

He said that the institutions and laws were made for the welfare of the people, so officers should also perform their duties honestly with the spirit of service saying that not just paperwork, but the performance of every organization should be seen.

Governor Balochistan said that transparency and accountability could not be maintained in all institutions without a strong check and balance mechanism. He said that with the advent of modern technology, it has become clear that we could not improve our performance without computerizing institutions and departments and increasing the efficiency of government officers and employees.

Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar has highlighte the significance of transparent an merit-based appointments in educa tional institutions. He expressed hi satisfaction that, after many years the appointment of the principal a the college is being conducted on regular and transparent merit basis The governor believes that adherin to meritocracy in institutions wi lead to their strengthening and in creased stability.

He stressed the need to provide al necessary facilities for the college' growth and ensure the provision o quality education. With the aim o transforming the college, variou concrete practical steps are bein taken to upgrade its infrastructur and academic offerings.

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 10 AUG 2023

Page No: 6

# بلوچستان اور سندھ کی اسمبلیاں تحلیل کرنے کی سمریاں کل بھیجی جائیں گی

## عبدالقدوس بزنجو اور مراد علی شاہ نے دونوں اسمبلیوں کی تحلیل کی سمری پر دستخط کر دیئے، دونوں صوبوں میں نگراں وزرائے اعلیٰ کے تقرر کیلئے صلاح و مشورے جاری

## وزیراعلیٰ آج کوئٹہ پہنچیں گے، سندھ میں نگراں وزیراعلیٰ کے مسئلہ پر حکومت اور اپوزیشن کے درمیان شدید اختلافات ہیں، ذرائع پی پی کی لوٹ مار کا حساب لیں گے، ارشد سومرو

کوئٹہ (انتخاب نیوز) سندھ اور بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ نے دونوں اسمبلیوں کی تحلیل کی سمری پر دستخط کر دیئے ہیں۔ توقع ہے کہ یہ سمریاں 11 اگست کو بھیجی جائیں گی۔ اور اسی رات 12 بجے اسمبلیاں تحلیل ہو جائیں گی۔ دونوں صوبوں میں نگراں وزرائے اعلیٰ بقیہ نمبر 11 صفحہ 7 پر

کراچی (این این آئی) سندھ اسمبلی اپنی آئینی مدت پوری کر کے 11 اگست کی رات تحلیل ہو جائے گی تاہم اس حوالے سے نگراں سیٹ اپ کے لئے مشاورت جاری ہے۔ ایم کیو ایم پاکستان اور جی ڈی اے نگراں وزیراعلیٰ کے لیے نام سامنے لا چکے ہیں جبکہ بقیہ نمبر 12 صفحہ 7 پر

پیپلز پارٹی سے نام کا انتظار ہے۔ جی ڈی اے سے صفدر عباسی، رئیس غلام مرتضیٰ جتوئی، فضل اللہ قریشی اور حسین عبداللہ ہارون کے نام دیے گئے ہیں جبکہ ایم کیو ایم نے سابق بیوروکریٹس یونس ڈھاگہ اور شعیب احمد صدیقی کے نام دیے ہیں۔

# حکومت پاکستان کا ریکوڈک کا اپنا حصہ سعودی عرب کو دینے کا امکان

## بیرک گولڈ ریکوڈک پراجیکٹ میں سعودی شمولیت پر اعتراض نہیں تاہم کمپنی اپنا حصہ برقرار رکھے گی

## سعودی عرب ریکوڈک میں 25 فیصد حصہ حاصل کرنا چاہتی ہے، پراجیکٹ کا کنٹرول ہمارے پاس ہے، مارک برسٹو

اسلام آباد/کوئٹہ (یو این اے) پاکستان میں سونے اور تانبے کے بڑے ذخائر ریکوڈک میں 50 فیصد شیئرز کی مالک کمپنی بیرک گولڈ کارپوریشن اب اس منصوبے میں سعودی ویلتھ فنڈ کو اپنے شراکت داروں میں سے ایک کے طور پر شامل کرنے کے لیے تیار ہے۔ رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق بیرک گولڈ کے چیف ایگزیکٹو مارک برسٹو نے ایک انٹرویو میں کہا کہ ان کی کمپنی کو ریکوڈک کی کان کنی میں سعودی ویلتھ بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر

فنڈ کی شراکت پر اعتراض نہیں۔ انہوں نے جون میں میڈیا پر گردش کرنے والی ان رپورٹ کو افواہ قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا کہ وہ کینیڈا کی کان کنی فرم کو اثاثوں کو خریدنے کی کوششوں کے لیے بات چیت میں مصروف ہیں۔ بیرک گولڈ کارپوریشن پاکستان کی ریکوڈک کان میں 50 فیصد حصص کی مالک ہے، [illegible] بڑے ذخائر والے علاقوں میں سے ایک سمجھتا ہے۔ مارک برسٹو نے کہا۔ بیرک کی جانب سے اس منصوبے میں اپنی ایکویٹی کو کم نہیں کیا جائے گا لیکن اگر سعودی عرب کا پبلک انویسٹمنٹ فنڈ (پی آئی ایف) حکومت پاکستان کی ایکویٹی خریدنا چاہتا ہے تو ہم اعتراض نہیں کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان مضبوط تعلقات ہیں اور ہم چونکہ اس منصوبے کو کنٹرول کرتے ہیں اس لیے ہمیں اس سے انکار کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرک، پاکستان کے 25 فیصد ایکویٹی حصص کے ذریعے کان میں آنے والی سعودی پبلک انویسٹمنٹ فنڈ کی حمایت کرے گا۔ دوسری جانب پاکستان نے تاحال اعلانیہ طور پر یہ واضح نہیں کیا کہ ان حصص کی فروخت پر غور کیا جا رہا ہے یا نہیں۔

# ایران نے مکران کو بجلی کی سپلائی میں کمی کر دی

## ایران کا مکران کو بجلی سپلائی میں کمی کی وجہ سے بجلی لوڈ شیڈنگ میں اضافہ ہوا ہے، کیسکو

کوئٹہ (یو این اے) تین دن پہلے ایران سے مکران کو بجلی کی سپلائی بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر

معطل اور پھر بحال کرنے بعد ایران کی طرف سے بجلی سپلائی میں میگاواٹ کی کمی کر دی گئی

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2

DATE: 10 AUG 2023

Page No: 7

# یوم آزادی جوش و جذبے سے منایا جائیگا، جمیل احمد

## شہر کے مختلف مقامات پر قومی پرچم آویزاں کیئے جائیں گے

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں 76 ویں یوم آزادی کی تقریبات کی تیاریوں اور سیکورٹی کے انتظامات کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خضدار وڈیرہ محمد صالح جاموٹ انجمن تاجران خضدار کے صدر حافظ حمید اللہ مینگل سمیت مختلف گورنمنٹ محکمہ جات کے آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 14 اگست یوم آزادی کی تقریبات اوران کے لئے سیکورٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا اور اہم فیصلے کیئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد کا کہنا تھا کہ یوم آزادی ملک بھر کی طرح ضلع خضدار میں بھی جوش و جذبہ اور نئے ولولے کے ساتھ منائی جائے گی۔ یوم آزادی 14 اگست کا دن خضدار میں شایانِ شان انداز اور جوش و جذبے کے تحت منایا جائیگا، جس میں عام شہریوں اور تمام محکموں کے ساتھ مل کر قومی تقریبات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

# امن و امان پر سمجھوتہ نہیں کریں گے، لیاقت علی

## نیشنل ہائی وے بند کرنے والوں کیخلاف سخت ایکشن لیا جائیگا، ڈی سی قلعہ سیف اللہ

قلعہ سیف اللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لیاقت علی کاکڑ نے کہا کہ امن و امان پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا امن و امان میں خلل ڈالنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کیا جائیگا امن و امان کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں گے اور ان کے خلاف مقدمات درج کیا جائیگا ہوائی فائرنگ پر مکمل پابندی عائد کی گی مشکوک گاڑیوں اور افراد کی تلاشی لیا جائیگا اور سنیپ چیکنگ شروع کیا جائے قانون سے کوئی بالاتر نہیں جرائم پیشہ افراد بلا تفریق کاروائی عمل میں لایا جائے جرائم پیشہ افراد کسی قسم کے رعایت کے مستحق نہیں غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے ساتھ بھی سختی سے نمٹا جائیگا منفی خبریں سوشل میڈیا پر چلانے والے سرکاری ملازمین کے خلاف محکمانہ کاروائی عمل میں لایا جائیگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے امن و امان کے حوالے سے اجلاس سے خطاب کے دوران کیا اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر عبدالناصر کاکڑ ڈی پی او عبدالحق ڈی ایس پی جلال خان ڈی ایس پی مسلم باغ خان گل جلال زئی سمیت دیگر آفیسران نے شرکت کی اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کو امن و امان کے صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گی۔

# کشمیر میں آزادی کا سورج جلد طلوع ہوگا، عطاء اللہ کاکڑ

## وطن عزیز بیش بہا قربانیوں کے بعد حاصل کیا گیا، سید ساجد حسین و دیگر

لورالائی (خ ن) یوم یکجہتی کشمیر اور 14 اگست یوم آزادی کی مناسبت سے ایک پروقار تقریب گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کلی اوریاگی کاکڑان میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر طالبات کے والدین اور اہلیان علاقہ نے اس شاندار اور تفریحی پروگرام کے انعقاد پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سید ساجد حسین شاہ ترمذی اور کلسٹر ہیڈ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کلی اوریاگی کاکڑان مس شاہین اختر کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس طرح شاندار اور تفریحی پروگرام ہمیشہ شہر کے سکولوں میں منعقد ہوتے ہیں مگر پہلی بار ایک دیہی علاقے کے سکول میں اس شاندار پروگرام کے انعقاد سے انہوں نے ہمارے دل جیت لیے ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی اس طرح کے شاندار اور پروقار تقریبات منعقد ہوتی رہیں گی۔ اس شاندار تقریب کے مہمان خصوصی ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن عطا اللہ کاکڑ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سید ساجد حسین شاہ ترمذی، ڈی او فیمیل مس فوزیہ درانی تھے۔ اس موقع پر کلسٹر ہیڈ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کلی اوریاگی کاکڑان مس شاہین اختر بھی ان کے ہمراہ موجود تھیں۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 10 AUG 2023

Page No: 8

Bullet No. 3


# سردار عطاء اللہ مشکلات اور صعوبتوں کے باوجود اپنے موقف پر قائم رہے، بی این پی

## نصیر شاہوانی کی زیر صدارت اجلاس، 2 ستمبر کو برسی کے جلسے کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا، عوام سے شرکت کی اپیل

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام قومی راہشون بزرگ بلوچ قوم وطن دوست عظیم سیاسی رہنماء سردار عطاء اللہ خان مینگل کی برسی کے موقع پر ہفتہ 2 ستمبر کو ریلوے ہاکی گراونڈ کوئٹہ کے جلسے میں تیاریوں کے سلسلے میں تیاری کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل و پارلیمانی لیڈر ملک نصیر احمد شاہوانی کی زیر صدارت ہوا جس میں پارٹی کی مرکزی ایگزیکٹیو کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر غلام نبی مری، سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے ارکان جمیلہ بلوچ، آغا خالد شاہ دلسوز، سکندر شاہوانی، ثانیہ حسن کشانی، اور شمائلہ اسماعیل مینگل نے شرکت کی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عظیم بلوچ قوم وطن دوست سیاسی رہنماء بلوچ قومی راہشون سردار عطاء اللہ خان مینگل کی دوسری برسی کے موقع پر 2 ستمبر کو سہ پہر 3 بجے ہاکی گراونڈ کوئٹہ میں جلسہ ہوگا۔ جس میں ملکی سطح کے قومی سیاسی رہنماء شرکت کریںگے جلسہ عام کو کامیاب بنانے اور عوامی رابطہ مہم تیز کرنے کے سلسلے میں مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں جبکہ عوامی رابطہ مہم تیز کر کے مختلف علاقوں میں کارنر میٹنگز منعقد کیے جائیں گے۔ اجلاس کے شرکاء نے کہا کہ بلوچستان اور بلوچ قوم کے ساتھ نا انصافیوں کا سلسلہ ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اور بلوچ قوم کے لیے سردار عطاء اللہ خان کی جدوجہد نا قابل فراموش ہیں۔ وہ پوری زندگی بلوچستان کے عوام اور بلوچ قومی حقوق کے حصول ساحل ووسائل کے دفاع، سماجی انصاف، برابری اور قوموں کے حق واختیار حق حاکمیت پارلیمنٹ کی بالادستی آئین اور قانون کی حکمرانی عدلیہ کی آزادی قومی سوال کو جمہوری انداز میں اجاگر کرنے قوموں کے تہذیب و تمدن وجود اور شناخت کیلئے طویل جدوجہد کی نا قابل فراموش قربانیاں دیں، قید و بند کی صعوبتیں برداشت کیں لیکن اپنے اصولی موقف سے ایک قدم بھی پیچھے نہیں ہٹے۔ اجلاس کے شرکاء نے پارٹی کے یونٹوں عہدیداروں، قوم و وطن دوست اور ترقی پسند عوام سے اپیل کی کہ وہ اس جلسے میں بھر پور شرکت یقینی بنائیں۔

# متحد ہوئے بغیر حقوق کا حصول ممکن نہیں، نواب ثناء زہری

## بلوچستان کو اس وقت آل پارٹیز کانفرنس کی اشد ضرورت ہے، کارکنوں سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق وزیر اعلیٰ چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا ہے کہ بلوچستان کو اس وقت آل پارٹیز کانفرنس کی اشد ضرورت ہے متحد ہوئے بغیر حقوق کا حصول ناممکن ہے مردم شماری میں آبادی کو کم ظاہر کرنے کے خلاف انتخابات سے بائیکاٹ سمیت تمام امور آل پارٹیز کانفرنس میں زیر غور آنے چاہیے انہوں نے کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مشترکہ مفادات کونسل کے اجلاس میں بلوچستان کی آبادی کو کم کرنے اور مردم شماری سے متعلق فیصلوں کی منظوری پر وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی خاموشی افسوسناک ہے بلوچستان کا سپوت ہونے کے ناطے وزیر اعلیٰ کو بلوچستان کے حقوق کے لئے لڑنا چاہیے تھا مردم شماری کو کم ظاہر کرنے سے بلوچستان میں پنجاب کے خلاف نفرتیں جنم لے رہی ہیں جو انتہائی خطرناک ہے۔

# حکومت، پولیس اور ادارے قیام امن میں ناکام ہیں، جے یو آئی

## تھانیداروں کو تبدیل کرنے کی بجائے جرائم کو کنٹرول کیا جائے، مولانا عبدالرحمن

کوئٹہ (پ ر) جمعیت ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ہاشم خیشکی

ہے انچارج کنٹرول روم سکھر بیراج عبدالعزیز سومرو کے مطابق کے اگست سے ستمبر کے دوران پانی میں اتار چڑھاو معمول کی بات ہے کیونکہ بارشیں بھی بالائی علاقوں میں ہوئی ہیں اس وقت رواں سال کا گڈو بیراج سے نچلے درجے کا دوسرا سیلابی ریلہ گزر رہا ہے گڈو بیراج پر پانی آمد 2 لاکھ 99 ہزار 117 اور اخراج 2 لاکھ 69 ہزار 72 کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے سکھر بیراج پر پانی کی آمد 2 لاکھ 21 ہزار 290 کیوسک اور یہاں سے کوٹری بیراج کے لئے 1 لاکھ 66 ہزار 820 کیوسک پانی چھوڑا جا رہا ہے آئندہ چندروز میں پانی کی سطح میں کمی کا امکان ہے۔


Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

DATE: 10 AUG 2023 Page No: 9

# کچھ قوتوں کو خوش کرنے کیلئے قانون سازیوں سے سیاسی جماعتیں ہی پھنسیں گی

سردار اختر مینگل

موجودہ اسمبلی کے ایک دن میں جتنی قوانین پاس ہوئیں اسے گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ کا حصہ بنایا جائے، بلکہ مطالعہ پاکستان کی کتابوں میں شامل کیا جائے

ایوان میں مکڑی کا جو جال در دیوار میں چھوڑ کر جا رہے ہیں وہ آئندہ آنے والوں اور ایوان سے جانے والوں کی رہ میں رکاوٹ بنیں گے، سربراہ بی این پی

عمران دور حکومت میں لاپتہ افراد میں 450 افراد بازیاب ہوئے تھے لیکن موجودہ حکومت میں بازیابی کا تو نہیں کہہ سکتا لیکن کافی تعداد میں لاپتہ ہوئے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ رکن قومی اسمبلی سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ ایوان میں مکڑی کا جو جال در دیوار میں چھوڑ کر جا رہے ہیں وہ آئندہ آنے والوں اور ایوان سے جانے ........ بقیہ 26 صفحہ نمبر 9 پر

والوں کی رہ میں رکاوٹ بنیں گے، موجودہ اسمبلی کے ایک دن میں جتنی قوانین پاس ہوئیں انہیں گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ کا حصہ بنایا جائے بلکہ تمام تاریخی واقعات و حادثات مطالعہ پاکستان کے کتابوں میں شامل کیا جائے تاکہ آئندہ نسلوں کو معلوم ہوں کہ ان کے آباؤ اجداد نے کس طرح کے فیصلے کیے؟ ہم نے ماضی سے سبق نہیں سیکھا کچھ قوتوں کو خوش کرنے کیلئے جو قوانین سازیاں ہوئی ہیں کیا اس میں سیاسی جماعتیں نہیں پھنسیں گی حالانکہ ان قوانین سے سب سے زیادہ سزائیں تو پی پی او ن لیگ کو ملی عمران خان کے دور حکومت میں لاپتہ افراد میں 450 افراد بازیاب ہوئے تھے لیکن موجودہ حکومت میں بازیابی کا تو نہیں کہہ سکتا لیکن کافی تعداد میں لاپتہ ہوئے ہیں

# سازش اور منصوبے کے تحت پشتونوں اور بلوچوں کا خون بہایا جارہا ہے

اصغر اچکزئی

کل تک پشتون اور بلوچ جن حالات سے گزر رہے تھے ان قوتوں نے آج پورے ملک میں وہی حالات دوبارہ پیدا کردیے ہیں، پارلیمانی لیڈر

آٹھ اگست کا واقعہ ایک منظم سازش کے تحت کیا گیا اس واقعہ کیلئے بڑی پلاننگ کی گئی تھی، مولانا محمد خان شیرانی، خوشحال خان کاکڑ، جان محمد بلیدی

منظم منصوبے کے تحت یہاں پر اسلحہ کلچر اور منشیات کو فروغ دیا گیا، رؤف مینگل، زمرک اچکزئی، صاحب جان مابت کا کا و دیگر رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان کے سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ آٹھ اگست کا واقعہ ایک منظم سازش کے تحت رونما ہوا کل تک پشتون اور بلوچ جن حالات سے گزر رہے تھے ریاستی اداروں اور مقتدر قوتوں نے آج پورے ملک میں وہی حالات پیدا کئے ہیں یہ ملک عوام کا نہیں بلکہ ........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 9 پر

اسٹیبلشمنٹ کی جاگیر ہے اور اسٹیبلشمنٹ پھر بین الاقوامی اسٹیبلشمنٹ کا ایک ادارہ ہے، ایک سازشی منصوبے کے تحت پشتونوں اور بلوچوں کا خون بہایا جارہا ہے سب کو معلوم ہے کہ دہشت گردی کے چشمے کہاں سے پھوٹ رہے ہیں سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر اس جنگ کی صورتحال کا مقابلہ کرنے کے لئے ایک واضح حکمت عملی بنانی ہوگی، ورنہ اس میں پھر کوئی بھی محفوظ نہیں رہے گا۔

Scanned with CamScanner

# ژوب: فورسز کا ٹارگٹڈ آپریشن، تین دہشتگرد ہلاک

## کوئٹہ میں دستی بم حملہ، خاتون سمیت 6 افراد زخمی

مرنیوالے دہشتگرد سراج الحق پر حملے میں ملوث کالعدم تنظیم کے ارکان تھے، فائرنگ کے تبادلے میں 2 سیکورٹی اہلکار زخمی، اسلحہ دھماکہ خیز مواد برآمد کرلیا گیا

جوائنٹ روڈ پر موٹر سائیکل سواروں نے جھنڈوں کے اسٹال پر دستی بم پھینکا، زخمیوں میں دو پولیس اہلکار شامل، وزیر داخلہ نے رپورٹ طلب کرلی

کوئٹہ/ژوب (اسٹاف رپورٹر/نامہ نگار) سی ٹی ڈی کا ژوب مرغہ کبزئی میں ٹارگٹڈ آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں امیر جماعت اسلامی کے کانوائے پر حملہ میں ملوث کالعدم تنظیم کے تین دہشت گرد ہلاک جبکہ دو اہلکار زخمی ہو گئے، سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق سی ٹی ڈی حکام کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ امیر جماعت اسلامی سراج الحق کے کانوائے پر حملے میں ملوث کالعدم تنظیم کے دہشت گرد ژوب کے علاقے مرغہ کبزئی میں ایک کمپاؤنڈ میں موجود ہیں جس پر سی ٹی ڈی کی ٹیم نے منگل اور بدھ کی درمیانی شب مرغہ کبزئی میں ٹارگٹڈ آپریشن کرتے ہوئے کمپاؤنڈ کو گھیرے میں لے لیا، اسی دوران کمپاؤنڈ میں موجود دہشت گردوں نے سی ٹی ڈی ٹیم پر فائرنگ شروع کر دی جس کے نتیجے میں دو اہلکار زخمی ہو گئے، فائرنگ کا تبادلہ آدھے گھنٹے تک جاری رہا جس کے نتیجے میں کالعدم تنظیم کے تین دہشت گرد ہلاک ہو گئے سی ٹی ڈی ٹیم نے زخمیوں اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کر کے کمپاؤنڈ سے بھاری تعداد میں اسلحہ دھماکہ خیز مواد اور دیگر آلات قبضے میں لے لی ذرائع نے بتایا کہ مارے جانے والے دہشت گرد امیر جماعت اسلامی سراج الحق کے کانوائے پر حملے میں ملوث تھے۔

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جوائنٹ روڈ پر جھنڈے فروخت کرنے والی خاتون کے اسٹال پر موٹر سائیکل سواروں کا دستی بم حملے میں خاتون، دو پولیس اہلکاروں سمیت چھ افراد زخمی ہو گئے، وزیر داخلہ نے ڈی آئی جی سے رپورٹ طلب کر لی پولیس کے مطابق جوائنٹ روڈ پر خاتون مدوح لال نے جھنڈے فروخت کرنے کیلئے اسٹال لگایا ہوا تھا گزشتہ روز نامعلوم موٹر سائیکل سوار اسٹال پر دستی بم پھینک کر فرار ہو گئے بم زوردار دھماکے سے پھٹ گیا جس کے نتیجے میں خاتون مدوح لال، گشت پر موجود مددگار سنٹر کے دو اہلکار مہدی حسن، محمد طلحہ، جلال الدین، سردار ولی، نجیب اللہ زخمی ہو گئے دھماکے کے ساتھ ہی شدید فائرنگ شروع ہوگئی، جس سے علاقے میں خوف ہراس پھیل گیا اطلاع ملنے پر پولیس اور ایف سی کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا اس موقع پر ایس ایس پی آپریشن زوہیب محسن نے صحافیوں کو بتایا کہ حملہ آروں اور پولیس کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا تاہم ملزمان موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے یوم آزادی کی مناسبت سے سیکورٹی الرٹ ہے اور شہر میں سادہ کپڑوں میں بھی پولیس اہلکار سیکورٹی کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے ملزمان کا تعاقب کیا جا رہا ہے جلد ہی قانون کی گرفت میں ہونگے۔ دوسری جانب وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو جوائنٹ روڈ پر جھنڈے فروخت کرنے والے اسٹال پر دستی بم حملے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی کوئٹہ سے رپورٹ طلب کر لی انہوں نے کہا کہ دہشت گرد ایسی کارروائیاں کر کے ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے دہشت گردوں کے پاس ریاست کی رٹ کو تسلیم کرنے کے علاوہ کوئی راستہ نہیں انہوں نے زخمیوں کی صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## خضدار: سڑک کنارے بم دھماکہ

کوئٹہ (این این آئی) خضدار میں سڑک کنارے نصب دھماکہ، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق بدھ کی شب خضدار کے علاقے چمروک ایریا میں سڑک کنارے نصب دھماکہ ہوا تاہم خوش قسمتی سے دھماکے کے نتیجے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے جائے وقوعہ پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیتے ہوئے شواہد اکھٹے کر لئے مزید کارروائی جاری ہے۔

## کوئٹہ، جان محمد روڈ پر دو گروپوں میں فائرنگ، ایک مزدور جاں بحق، ایک زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جان محمد روڈ پر زمین کے تنازع پر دو گروپوں میں فائرنگ سے ایک مزدور جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق جان محمد روڈ پر دیوار کی تعمیر کے دوران دو گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک مزدور سجاد ولد نور محمد موقع پر جاں بحق جبکہ ارباب سمیع اللہ زخمی ہو گیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر تصادم کو بڑھنے سے روکا اور لاش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کیا۔ فائرنگ کے باعث علاقے کے شدید خوف و ہراس پھیل گیا۔

INTEKHAB QUETTA

# اے این ایف اور لیویز کی کارروائیوں میں 250 کلو منشیات برآمد

پاک افغان بارڈر پر 50 کلو ہیروئن، گردی جنگل سے 200 کلو مارفین قبضہ میں لی گئی

چاغی (یو این اے) لیویز فورس کی کارروائی 2 سو کلو مارفین برآمد گاڑی سمیت دو افراد کو گرفتار کر لیا لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز افغان مہاجر کیمپ گردی جنگل کے ایریا سے لیویز فورس نے ایک 44 گاڑی سے 200 کلو مارفین برآمد کر کے اپنے طویل میں لیا مزید تفتیش جاری ہے۔ اینٹی نارکوٹکس فورس کی چمن اور کوئٹہ میں کارروائی 50 ہیروئن اور 4 کلو مشکوک

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

مواد برآمد کر لیا ہے۔ ترجمان کے مطابق پاک افغان بارڈر چمن پر کارروائی کے دوران ملزم کے بیگ سے 4 کلو مشکوک مواد برآمد کر لیا گیا، ملزمان کیخلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق کچلاک بائی پاس کوئٹہ کے قریب برساتی نالے میں چھپائی گئی 50 کلو ہیروئن برآمد کر لی گئی۔

## لیویز فورس قلات نے پانچ اشتہاری ملزمان گرفتار کر لیا

قلات (بیورو رپورٹ) لیویز فورس قلات نے اشتہاری اور مفرور ملزمان کے خلاف گھیرا تنگ کر لیا پانچ اشتہاری ملزمان گرفتار ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسسٹنٹ کمشنر جہانزیب بلوچ کے زیر نگرانی قلات لیویز فورس نے

بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر

اشتہاری ملزمان کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے ملزمان محمد قاسم ولد حضور بخش۔ ہزار خان ولد عبداللہ۔ عبدالحمید ولد یار محمد۔ نورالدین ولد نامعلوم۔ حاجی شیر محمد ولد جورک خان اقوام لانگو ساکنان ڈھلو گرفتار کر لیا ملزمان قلات لیویز کو مقدمہ نمبر 2/1 2 0 2 بجرم زیر دفعہ 442.427.447.147.148.149 ت پ میں مطلوب تھے ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 10 AUG 2023

Page No: 11

Bullet No. 5

## عوامی حلقے

## شیرانی ضلعی ہیڈکوارٹر کی فعالیت ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائی جائے

**اربوں روپے کی لاگت سے عمارتیں قائم ہونے کے باوجود یہاں کے عوام کو مسائل کے حل کیلیے ژوب شہر جانا پڑتا ہے**

شیرانی (نامہ نگار) عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ ضلع شیرانی کی بدقسمتی دن بدن بڑھتی جارہی ہے کئی سال سے متعلقہ حکام کی لاپرواہی سے عوام رل گئے ہیں حکومت بلوچستان نے شیرانی کو ضلع کا درجہ دے کر ضلعی ہیڈکوارٹر کے لیے جو مقام مختص کیا تھا وہ ایک غیرآباد علاقہ تھا یہاں پر حکومت بلوچستان نے تقریباً پندرہ ارب کی کثیر رقم خرچ کرکے سیکڑوں عمارتیں کھڑی کردی ہیں جن میں ضلعی انتظامیہ کے دفاتر، رہائشی بنگلے، کوارٹرز، ہسپتال، اسکول، پولیس اور لیویز لائینز، اسپورٹس کمپلیکس، مارکیٹ، اور سڑکیں تعمیر شامل ہیں ژوب شہر سے شیرانی ضلعی ہیڈکوارٹر تک اربوں روپے لاگت سے بہترین روڈ تعمیر کیا گیا ہے لیکن یہاں کے عوام کو مسائل کے حل کیلیے ژوب شہر جانا پڑتا ہے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تمام تر امور ژوب شہر سے چلائے جارہے ہیں دوسری جانب صوبائی اسمبلی میں اپنی نمائندگی سے محروم ہیں جن جن اشخاص نے ہماری نمائندگی کی وہ پرائے تھے کوئی ضلع ژوب سے تعلق رکھتا تھا تو کوئی ضلع موسیٰ خیل سے انہوں نے دانستہ تعصب پر مبنی رویہ اختیار کیا انہوں نے حکام سے مطالبہ کیا کہ ضلعی ہیڈکوارٹر کی فعالیت ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائی جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## صوبے میں اساتذہ کی کمی کے باعث ہزاروں سکول بند پڑے ہیں ایس بی کے متاثرین

**سیکرٹری ایجوکیشن بلوچستان ہائی کورٹ میں 10 اگست کو ہونے والی سماعت میں پیش ہوکر اساتذہ کی آسامیوں پر لئے گئے اسٹے کو جلد از جلد نمٹائیں**

**اگر اس پوسٹوں کو منسوخ کیا جاتا ہے تو کامیاب ہونے والے امیدواروں کا ازالہ کیسے کیا جائے گا، پریس کانفرنس سے خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) ایس بی کے متاثرین سینٹرل کمیٹی کوئٹہ کے اللہ نور نے کہا ہے کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں اساتذہ کی کمی کی وجہ سے 2 ہزار سے زائد اسکول بند پڑے ہوئے ہیں، سیکرٹری ایجوکیشن بلوچستان ہائی کورٹ میں 10 اگست کو ہونے والی سماعت میں پیش ہوکر اساتذہ کی آسامیوں پر لئے گئے اسٹے کو جلد از جلد نمٹائیں بصورت دیگر ہم احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب

بقیہ نمبر 38 صفحہ 5 پر

میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال ماہ فروری میں حکومت بلوچستان کی جانب سے محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی 9 تا 15 گریڈ کی برسوں سے خالی آسامیوں کو پر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے ریکروٹمنٹ ٹیسٹ کی ذمہ داری سردار بہادر خان وومین یونیورسٹی کو دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کی آسامیوں کو پر کرنے کے لئے امیدواروں نے ٹیسٹ پاس کیے لیکن ایک شخص کی جانب سے ان پوسٹوں کو کینسل کرنے کے لئے اسٹے لے لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر اس پوسٹوں کو منسوخ کیا جاتا ہے تو کامیاب ہونے والے امیدواروں کا ازالہ کیسے کیا جائے گا۔ انہوں نے سیکرٹری ایجوکیشن سے اپیل کی ہے کہ وہ 10 اگست کو بلوچستان ہائی کورٹ میں ہونے والی کیس کی سماعت میں عدالت عالیہ کی جانب سے طلب کئے گئے تمام دستاویزات فراہم کریں تاکہ ایس بی کے کے رزلٹ پر لئے گئے اسٹے کو نمٹایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ اگر اساتذہ کی آسامیوں سے متعلق فیصلہ پاس کنڈیڈیٹس کے حق نہیں آیا تو احتجاج کا راستہ اپنائیں گے۔

92 نیوز کوئٹہ

## بااثر افراد کیجانب سے اراضی پر قبضے کا نوٹس لینے کا مطالبہ

**لیویز کو آگاہ کیا گیا، 24 گھنٹے میں مقدمہ درج نہ ہونے پر قومی شاہراہ بند کردینگے، وزیر ترہ کئی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ترہ کئی قومی اتحاد کے چیئرمین وزیر خان ترہ کئی نے کہا ہے کہ چند بااثر افراد ہماری جدی پشتی اراضیات پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں، واقعے سے متعلق لیویز کو آگاہ کرچکے ہیں لیکن وہ نوٹس لینے کی بجائے بااثر افراد کی پشت پناہی کررہی ہے، اگر 24 گھنٹے کے اندر واقعے کے خلاف مقدمہ درج نہ کیا گیا تو مجبوراً قومی شاہراہوں کو بلاک کردیں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو حضرت علی ترہ کئی، عبدالغنی، حاجی نوروز خان کے ساتھ کوئٹہ پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ چند بااثر افراد ہماری جدی پشتی اراضیات پر جاری تعمیراتی کام کے دوران مزدوروں کو یرغمال بنا کر املاک کو نقصان اور مزدوروں سے موبائل فونز، موٹر سائیکلیں چھین کر فرار ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے سے متعلق لیویز کو آگاہ کرچکے ہیں لیکن وہ نوٹس لینے کی بجائے بااثرادکی پشت پناہی کررہی ہے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 10 AUG 2023

Page No: 12

# بلوچستان مردم شماری، 70 لاکھ افراد کی گمشدگی، وسائل پر ڈاکہ!

پاکستان میں ڈیجیٹل مردم شماری تنازعے کا شکار ہوگیا ہے جس پر تقریباً ملک کی تمام چھوٹی بڑی سیاسی جماعتوں اور صوبوں کے تحفظات ہیں مگر اس کے باوجود آئندہ عام انتخابات نئی مردم شماری اور نئی حلقہ بندیوں کے ذریعے کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ مردم شماری کے دوران بلوچستان اور سندھ میں بدترین سیلاب کی تباہ کاریاں ہوئیں، شہر، دیہات، قصبے اجڑ گئے، بڑے پیمانے پر جانی ومالی نقصانات ہوئے انتہائی خطرناک صورتحال کا سامنا لوگوں کو کرنا پڑا خاص کر بلوچستان کا ذکر اس لیے ضروری ہے کہ ایک تو یہ خطہ وسیع اور منتشر آبادی پر مشتمل ہے اس کو گننا بھی بہت مشکل ہے چونکہ پہاڑی علاقے زیادہ ہیں جہاں دشوار گزار راستے ہیں بہت مشکل سے لوگ ان علاقوں میں پہنچتے ہیں بیشتر جانوروں کا استعمال کرتے ہیں کیونکہ وہاں گاڑیاں نہیں جاسکتیں اور پہاڑوں پر ایسے راستے نہیں بنائے گئے جس سے گاڑیوں کو گزرنے میں آسانی ہو۔ مردم شماری کے دوران عملہ نے اونٹوں کا استعمال کیا جس کا اندازہ بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ کس طرح سے مردم شماری کے دوران مشکلات درپیش تھے دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ پہاڑی سمیت شہری، دیہی بعض علاقے ایسے ہیں جہاں سڑکیں، بجلی سمیت کوئی سہولیات موجود نہیں، جھونپڑیوں میں لوگ رہتے ہیں خانہ بدوشوں کے علاقے ہیں، چرواہے ہیں ان کو کس طرح سے مردم شماری کی آگاہی ہوسکتی ہے جو بہت بڑا سوالیہ نشان ہے؟ بلوچستان کے مسائل سے سب ہی بخوبی آگاہ ہیں مگر اس کے باوجود بھی بلوچستان کو وہ سہولیات فراہم نہیں کی گئیں جس سے مردم شماری کے حوالے سے بھی یہاں کے عوام پر ڈاکہ نہ ڈالا جاتا، 70 لاکھ افراد کی گمشدگی مردم شماری میں ظلم نہیں تو اور کیا ہے جو ریکارڈ پر موجود ہے اس کے علاوہ اس امر کو بھی رد نہیں کیا جاسکتا کہ بعض اضلاع کے علاقوں میں لوگوں کو صحیح گنا ہی نہیں گیا ہے کوئٹہ جو دارالحکومت ہے سیاسی جماعتوں کی جانب سے کوئٹہ میں بھی مردم شماری پر اعتراضات سامنے آرہے ہیں اس کے علاوہ شہروں اور قصبوں میں مردم شماری کرنے والی ٹیمیں موٹر سائیکلوں پر گھر گھر جاتی ہیں۔ تاہم بلوچستان کے دیہی علاقوں میں معاملات بہت مختلف ہیں۔ یہاں کی خستہ حال پگڈنڈیوں پر سفر کرنا ایک کٹھن کام ہے۔ اکثر اوقات یہ مشکل راستے بھی پہاڑوں تک پہنچنے سے قبل ہی ختم ہو جاتی ہیں۔ بلوچستان جس کی کل آبادی پچھلی مردم شماری میں 207 ملین تھی اب ایک اندازے کے مطابق تقریباً 220 ملین کے قریب ہے۔ اس مردم شماری سے حاصل ہونے والے ڈیٹا کو آئندہ عام انتخابات میں حلقہ بندیوں کے لیے بھی استعمال کیا جائے گا۔ اس لیے اس وقت آبادی کا صحیح تعین ملک کے لیے انتہائی اہم ہے۔ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا اور کم آبادی والا صوبہ ہے مگر قدرتی وسائل سے مالا مال خطوں میں شمار ہوتا ہے اس کے باوجود بھی تمام تر سہولیات اور ترقی سے محروم یہاں کی عوام کو بڑی شکایتیں وفاق سے ہیں اس میں اہم مسئلہ وسائل کا منصفانہ تقسیم کا ہے جسے ستر سال سے زائد عرصہ گزرنے کے بعد بھی حل نہیں کیا گیا ہے۔ بہرحال اب موجودہ مسئلہ نئی مردم شماری کا ہے جس کے متعلق بلوچستان کے لوگوں میں آگاہی کا فقدان ہے اور شرح تعلیم کے حوالے سے بھی بلوچستان بہت پیچھے ہے ڈیجیٹل مردم شماری کے طریقہ کار کو وہ کس طرح سے سمجھ سکتے ہیں بلوچستان کے عوام میں شرح خواندگی اور ڈیجیٹل مردم شماری کی آگاہی نہ ہونا وفاق کے لیے المیہ ہے کہ کتنا بڑا ظلم بلوچستان کے ساتھ کیا گیا ہے۔ حالیہ ڈیجیٹل مردم شماری میں 70 لاکھ لوگوں کو بازیاب کون کرے گا جو لاپتہ کردیئے گئے ہیں۔ بلوچستان میں پہلے سے ہی یہ مسئلہ موجود ہے کہ ایک طویل حلقے کے لیے محض ایک قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کی نشست ہے پھر کس طرح سے بہت بڑے حلقے کے لوگوں کے مسائل حل ہوسکتے ہیں۔ نئی مردم شماری اور نئی حلقہ بندیوں کے بعد بلوچستان کی آبادی مزید بڑھنی چاہیے مگر افسوس کہ 70 لاکھ افراد کی گمشدگی سامنے آئی ہے دیگر اضلاع میں مردم شماری پر سوالیہ نشان ہے، نئی حلقہ بندیوں اور مردم شماری کی بنیاد پر بلوچستان کے وسائل پر ڈاکہ ڈالنا سراسر زیادتی ہے لہٰذا بلوچستان کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں میں مزید اضافہ نہ کیا جائے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News
Page No: 13
DATE: 10 AUG 2023
Bullet No. 6

# بلوچستان کے مسائل، سیاسی جماعتیں کب سنجیدہ ہوں گی؟

بلوچستان اسمبلی کے گزشتہ روز منعقدہ اجلاس میں اراکین اسمبلی نے مردم شماری کے حوالے سے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اس بابت ایک مذمتی قرارداد پاس کی ہے مذمتی قرارداد میں اس رائے کا اظہار کیا گیا ہے کہ مردم شماری میں بلوچستان کی آبادی پر کٹ لگایا گیا ہے اس قرارداد کے محرک اسد بلوچ تھے جنہوں نے مردم شماری کے نتائج پر اعتراضات اٹھائے دیگر جماعتوں کے راکین نے بھی ان کی ہاں میں ہاں ملائی ہے صوبے میں حکومت اور اپوزیشن کی جتنی سیاسی جماعتیں ہیں انہوں نے مردم شماری کے نتائج پر اعتراضات کئے ہیں تاہم ان کے اعتراضات بیانات اور تقاریر تک محدود ہیں ہم یہ نہیں کہتے کہ سیاسی جماعتیں بلوچستان کے مسائل کے حل کے لئے سنجیدہ نہیں لیکن تلخ مگر حقیقت پر مبنی بات یہ ہے کہ بلوچستان میں یہ ایک روایت بن چکی ہے کہ ایشوز کی سیاست کی جاتی ہے یہ جو لوگ گزشتہ روز اسمبلی کے سیشن میں کھڑے ہو کر بلند و بانگ تقاریر کر رہے تھے کوئی ان سے پوچھے کہ مردم شماری کے دوران انہوں نے یا ان کے سیاسی کارکنوں نے مردم شماری کے عملے کے ساتھ کس قدر تعاون کیا؟ کیا یہ سچ نہیں کہ ہمارے نمائندوں نے ہی ہماری نمائندگی کا حق ادا نہیں کیا اب جبکہ مشترکہ مفادات کونسل کے فورم سے نتائج کی منظوری دی جا چکی ہے تمام مراحل گزر چکے ہیں اب اس طرح کے بے سود مطالبے کیا معنی رکھتے ہیں حالیہ مردم شماری جو ساتویں قومی مردم شماری ہے اس کی خاص الخاص بات یہ ہے کہ یہ ملکی تاریخ کی پہلی ڈیجیٹل مردم شماری تھی اس کے نتائج کی منظوری سے قبل مشترکہ مفادات کونسل کو قومی ادارہ شماریات نے تفصیلی بریفنگ دی اس کے بعد اس کی منظوری دی گئی ہے اب منظوری کے بعد اس نوع کے بیانات اور مطالبات افسوسناک ہیں ویسے بھی بلوچستان میں یہ بدبختی رہی ہے کہ مردم شماری کو لے کر سیاسی جماعتیں اپنے سیاسی مفادات کے حصول کے لئے جو حکمت عملی اور پالیسیاں اپناتی رہی ہیں اس کے باعث ماضی میں مردم شماری متنازعہ ہوتی رہی ہے اس جانب وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے گزشتہ روز بالکل درست اور بجا نشاندہی کی ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ دو چار نشستوں سے حل نہیں ہوگا این ایف سی میں بلوچستان کے موقف کی پذیرائی ہونی چاہئے وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے نئی مردم شماری پر بعض سیاسی حلقوں کی جانب سے جاری بحث کو بے معنی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ نئی مردم شماری پر تنقید کرنے والوں کو 1998 اور 2017 کی مردم شماریوں کا بھی جائزہ لیکر اس سے بلوچستان کو پہنچنے والے نقصان کے ذمہ داروں کا تعین کرنا چاہیے ہم نے حقائق کو دیکھتے ہوئے نئی مردم [illegible]

آبادی بڑھنے کی شرح دیگر صوبوں سے زیادہ ہے بلوچستان کا مسئلہ قومی اسمبلی میں دو چار نشستوں کے بڑھنے سے حل نہیں ہوگا اسکے لئے سینٹ کو با اختیار بنانا ہوگا جس میں تمام صوبوں کی متناسب نمائندگی ہے ہمارا شروع دن سے موقف ہے کہ این ایف سی میں وسائل کی تقسیم کے فارمولے میں آبادی کے ساتھ ساتھ پسماندگی رقبہ اور امن امان کی صورتحال کے عوامل میں شامل کیا جائے بلوچستان این ایف سی میں فائدہ پہنچ سکتا ہے صوبے کی تمام سیاسی قیادت دور اندیشی اور سیاسی بالغ نظری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک دوسرے پر تنقید کے بجائے حقیت پسندانہ اور فکری انداز مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرے وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ یہ درست نہیں کہ صرف بلوچستان کی آبادی کو کم گیا ہے اگر دیکھا جائے بلوچستان کی آبادی کی شرح میں اضافہ ہوا ہے جو کہ دیگر صوبوں کے مقابلے زیادہ ہے انہوں نے کہا کہ سینٹ کو با اختیار بنانے کی ضرورت ہے جہاں پر تمام صوبوں کی برابری کی بنیاد پر نمائندگی ہے ہمیں اس کے لئے بھی جدوجہد کرنے کی ضرورت ہے کہ ہمارے جو اضلاع پسماندہ ہیں انکے لئے خصوصی گرانٹ ہونی چاہیں جیسا کہ دیگر ترقی یافتہ ممالک میں ہے اگر ہم صرف آبادی کو بنیاد بنا کر ہی ترقی کے خواب دیکھ رہے ہیں تو یہ صرف خواب ہی رہیں گے حقیقت کو بھی ماننا چاہے کہ کچھ اضلاع میں آبادی کو غیر فطری طور پر بڑھا چڑھا کر پیش کیا گیا اور اسکے ساتھ ساتھ ہمارے کچھ ایسے اضلاع بھی جہاں سیلاب کے باعث بہت سے لوگ نقل مکانی کر گئی اور انکا اندراج مردم شماری میں نہیں ہو سکا لیکن اسکے باوجود اس مردم شماری کو صوبے کے وسیع تر مفاد میں تسلیم کیا ہماری سیاسی قیادت کو دس سال میں مردم شماری کا نہ ہونا اور حالیہ مردم شماری کا چھ سال بعد انعقاد یاد نہیں [illegible] صوبے کو بہت نقصان ہوا ایک اندازے کے مطابق ہمیں این ایف سی سالانہ دس ارب روپے کم ملے صوبے کے اس نقصان پر صوبے کی سیاسی قیادت نے کیوں چپ سادھ رکھی تھی اس نقصان کے ذمہ داروں کا بھی تعین ضرور ہونا چاہئے۔ وزیراعلیٰ نے بالکل بجا کہا ہے سیاسی جماعتوں کو چاہئے کہ وہ ایشوز کی سیاست چھوڑ دیں مردم شماری کو متنازعہ نہ بنایا جائے بلوچستان اس وقت ملک کا سب سے پسماندہ صوبہ کہلاتا ہے حالانکہ ہر سال وفاق اور صوبائی حکومت اربوں روپے ترقیاتی مد میں خرچ کرتی ہے اس کے باوجود صوبے میں ترقی کیوں نہیں؟ کیونکہ سیاسی جماعتیں سنجیدہ نہیں اور بلوچستان کے اپنے عوامی نمائندے بلوچستان کے عوامی مسائل کے حل کے لئے سنجیدہ نہیں سیاسی جماعتوں کو چاہئے کہ وہ اپنے قول و فعل کے تضاد کو ختم کریں بلوچستان کی ترقی کے لئے عملی کام کریں لفاظی بیانات سے بلوچستان کے مسائل ختم نہیں [illegible]

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

DATE: 10 AUG 2023

Page No: 14

# سبی ہرنائی ریلوے ٹریک کی بحالی

17 سال کے بعد سبی اور ہرنائی کے درمیان ریلوے ٹریک بحال اور ٹرینوں کی آمدورفت شروع ہوگئی ہے۔ دہشت گردی کے باعث ریلوے ٹریک اور ٹرین سروس کی بحالی کے منصوبے پر کام رکا ہوا تھا لیکن اس حکومت نے یہ مشکل ترین کام کر کے دکھادیا۔ گورنر بلوچستان عبدالولی کاکڑ نے کئی سیاسی رہنماؤں کے ہمراہ سبی میں ہونے والی تقریب میں اس کا افتتاح کیا اور سبی سے ایک ٹرین ہرنائی کے لئے روانہ ہوئی۔ انگریز کے دور میں یہ ریلوے ٹریک تعمیر ہوئی تھی اور قیام پاکستان کے بعد بھی سبی اور ہرنائی کے درمیان ٹرینوں کی آمدورفت ہوتی رہی لیکن سترہ سال پہلے دہشت گردی کی وجہ سے یہ ٹریک بند کرنا پڑی۔ ریلوے ٹریک کی بحالی سے نہ صرف شہریوں کو سفر کی سہولت حاصل ہوگی بلکہ علاقے میں تجارت اور معیشت کو بھی فروغ حاصل ہوگا۔ وفاقی وزیر ریلوے سعد رفیق اور شازین بگٹی نے بھی بذریعہ ویڈیو لنک افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور بلوچستان میں ریلوے کے نیٹ ورک میں توسیع اور مسافروں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 10 AUG 2023 Page No: 15

# Shrinking Balochistan population

It is surprising that the population of Balochistan has been reduced to a great extent if the current figures approved by Council of Common Interests (CCI) are reviewed. The population of the rest of the provinces has increased but the population of Balochistan has been declared 10.7 million instead of 20 million. On Tuesday, the Balochistan Assembly passed a joint condemnation resolution over under-representation of the province's population in the new census. The resolution was presented by Balochistan National Party (BNP) Awami's Provincial Agriculture Minister Asad Baloch, who said that the population of Balochistan was recorded as 20 million in the digital census. However, he noted that the Council of Common Interests (CCI) approved the provincial population at 10.7 million. Members belonging to JUI, BNP, Awami National Party (ANP) and other political parties supported the resolution condemning the census. They said that undercounting Balochistan's population would have a negative impact on the province's development. They also said that the population of Quetta has also been reduced from 3.5 million to 2.5 million. This would further deprive the city of much-needed resources. The resolution called for the federal government to revise the census data and to ensure that Balochistan's population is accurately represented. Similarly, Balochistan National Party (BNP) which is also part of federal govt has also rejected alleged alteration in the results of digital census to reduce the total population of Balochistan. The party leaders said that the chief minister and nationalist ministers in the federal cabinet are part of this sinister scheme. Following the results of the new census, the concerns of people of Balochistan have increased and they are of the views that the manipulation of the digital census results to reduce Balochistan's population as unjust and detrimental to the province's interests and such practices might lead to adverse effects and distortions in society. The population of Balochistan has been declared 10.7 million instead of 20 million. The cut in Balochistan's population which is the largest province of the country in terms of territory might be a digital mistake. The digital census result will deprive Balochistan of its due share which is absolutely injustice with its impoverished people. It is essential that the representatives of Balochistan in center and provincial level must take up this issue seriously and utilize all platforms for defending the rights of people. The federal government also look into the matter and correct any possible errors and should not leave Balochistan to remain deprived of development and its due shares.

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

D-1

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

DATE: 10 AUG 2023

Page No: 16

# Balochistan's census reservations & legislative journey

As the 5th year of the Balochistan legislative Assembly's constitutional period completes, the province finds itself at a crossroads, with significant concerns surrounding the recent digital census taking center stage. The province's strong reservations regarding the accuracy and fairness of the current census have ignited a debate that warrants careful consideration. One of the significant issues raised during the farewell meeting of the assembly was the demand to conduct the census once again within the province. The concerns articulated in this regard reveal an underlying unease about the province's representation and its rightful share in national resources and political power. The assembly's resolution expressing apprehensions about the census reflects the sentiment that Balochistan's population might be underrepresented, potentially leading to an unequal distribution of resources and political influence. The journey of the 11th elected Balochistan Assembly, which commenced on August 13, 2018, has been one of pledge, resilience, and continuous efforts to uplift the province. As the assembly adjourns indefinitely, the concerns regarding the census linger, waiting for resolution. It is imperative that these concerns are addressed, not only to quell the current apprehensions but also to lay the foundation for a more equitable and representative future for Balochistan within the greater framework of the nation. Throughout its five-year tenure, the Balochistan Assembly has been actively engaged in legislative activities. The impressive statistics speak for themselves: 474 days of functioning, 96 Acts passed, 196 resolutions approved, 521 questions addressed, 87 attention notices, and 36 adjournment motions taken up. These numbers are indicative of the assembly's dedication to addressing the concerns and needs of its constituents, despite the challenges faced by the province.

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE
P-2
DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Express Quetta
Bullet No. 6
DATE: 10 AUG 2023
Page No: 17

The assembly's journey also witnessed leadership changes, with Mir Abdul Quddus Bizenjo taking over as the 15th speaker after the 2018 elections, and later stepping into the role of the 18th Leader of the House, succeeding Jam Kamal. Opposition leader Malik Sikandar of JUI, an advocate during this constitutional period, played a significant role in shaping the legislative landscape. As the province reflects on the accomplishments and challenges of the past five years, the demand for a fair and accurate census takes center stage. The expression of reservations about the population count within Balochistan raises important questions about equitable representation and resource allocation. The assembly's voice in advocating for a more accurate census is an embodiment of its commitment to ensuring the province's rightful place within the nation.

In a region where demographic data can carry political weight, ensuring an accurate representation of Balochistan's population is not just a matter of numbers but also a step toward rectifying historical disparities. The resolution that calls for the re-evaluation of the census data in Balochistan underscores the importance of inclusivity and equitable representation in the democratic process. This pivotal moment in Balochistan's history demands a concerted effort to ensure that the concerns raised regarding the census are thoroughly addressed. The province's apprehensions about underrepresentation have far-reaching implications, not only for its political standing but also for its socio-economic development. Transparent dialogue between the provincial and federal authorities is essential to build mutual trust and arrive at a consensus on the way forward.

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 10 AUG 2023

Page No: 18

# وزیر اعظم کا دورہ گوادر اہم منصوبوں کا افتتاح

حکومت اور اسمبلیوں کی تحلیل میں ایک آدھ دن ہی رہ گیا ہے تاہم موجودہ حکومت نے اپنے آخری ایام میں بلوچستان بالعموم اور گوادر وساحل گوادر کے باسیوں کیلئے جاتے جاتے اہم اقدامات اٹھائے جو گوادر کے ماہیگیروں سمیت اس علاقے میں رہنے والے لوگوں کیلئے باعث خوشی وترقی کا ضامن بنیں گے۔گزشتہ دنوں یعنی 27 جولائی کو وزیر اعظم

تحریر:۔ چاکر بلوچ

جناب شہباز شریف ایک روزہ دورے پر گوادر پہنچے یہاں گورنر ملک عبدالولی کاکڑ ودیگر حکام نے ان کا پرتپاک اور شاندار استقبال کیا جبکہ وفاقی وزراء احسن اقبال، مولانا اسعد محمود، خواجہ سعد رفیق ،فیصل سبزواری، آغا حسن بلوچ، ہاشم نوتیزئی بھی وزیر اعظم کے ہمراہ تھے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی، چیئرمین ہائیر ایجوکیشن ڈاکٹر مختار احمد ودیگر اعلیٰ افسران اور حکام اس موقع پر موجود تھے اس موقع پر وزیر اعظم میاں شہباز شریف نے گوادر میں مختلف منصوبوں کا افتتاح کیا جن میں کچھ اہم منصوبہ تھے ان میں خضدار ٹو بیسیمہ روڈ 102 کلومیٹر پر مشتمل ہے جہاں خضدار جانے اور شہر تک پہنچنے کیلئے لوگوں کو شدید اذیتوں کا سامنا کرنا پڑتا تھا اس سڑک کی تعمیر سے اب بیسیمہ جو ضلع واشک کا حصہ ہے خضدار جانے کیلئے اب گھنٹوں پر منحصر صرف سفر چند منٹوں میں کرنا پڑیگا، بلوچستان میں مواصلات خصوصاً سڑکوں کا مسئلہ ایک اہم مسئلہ ہے کیونکہ آبادی کم اور رقبہ بڑا ہے جبکہ آبادیاں ایک دوسرے سے بہت دور دور ہیں جس سے دیہاتوں کے رہنے والے شدید مشکلات کا شکار ہیں حکومت کی جانب سے یہ اقدام ایک نہایت اہم اقدام ہے جس سے اب لوگوں کے مشکلات کم ہونگے۔اسی طرح ایک اور اہم منصوبہ جو وزیر اعظم نے افتتاح کیا تھا جو بلوچستان کے ضلع آواران کا ہے جہاں جھاؤ کا علاقہ بالکل شہر سے دور ہے 55 کلومیٹر کا فاصلہ گھنٹوں کا سفر بنتا ہے اس سڑک کی افتتاج کے بعد اب یہ سفر محض چند منٹ کا ہوگا۔اس دورے میں وزیر اعظم نے ایک اور اہم منصوبہ گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ کا افتتاح ہے جو ایشیاء کے بڑے ایئر پورٹوں میں سے ایک اہم ہے جو چائینہ کی مدد سے بنایا گیا ہے اس سے نا صرف ملکی سرمایہ کاروں کو سہولیات ملیگا بلکہ غیر ملکی سرمایہ کار بھی جوق در جوق گوادر آئیں گے اور ترقی کے نئے باب کھلیں گے۔ وزیر اعظم نے اپنے اس دورے میں ایک اہم منصوبہ کا افتتاح کیا وہ مکران نیشنل گریڈ کیساتھ منسلک کرنے منصوبہ ہے ماضی میں مکران بجلی پر صرف ایران پر انحصار کرتا تھا اس منصوبے کے بعد مکران بھی نیشنل گریڈ سے منسلک ہوگیا ہے اور مکران میں بجلی کا بحران بھی کم تر ہوگا جبکہ کچھ ایسے علاقے بھی مستفید ہونگے جہاں پہلے کبھی بجلی تھا ہی نہیں جن میں بیسیمہ اور ناگ کے علاقے شامل ہیں۔وزیر اعظم نے مقامی ماہیگیروں میں امدادی چیک بھی تقسیم کیا جس سے ماہیگیروں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور یہ امید پیدا ہوگیا کہ موجودہ حکومت اس اہم شعبے کی ترقی کیلئے کوشاں ہے۔وزیر اعظم کا یہ دورہ گوادر کے طالب علموں کیلئے بھی اہم ثابت ہو وزیر اعظم نے گوادر سے تعلق رکھنے والے گوادر یونیورسٹی کے ہونہار طالب علموں میں لیپ ٹاپ تقسیم کئیو زیر اعظم کا یہ دورہ نہایت اہم دورہ تھا، وزیر اعظم کے اس دورے نے ثابت کیا کہ موجودہ حکومت گوادر سمیت بلوچستان کی ترقی کے لئے کوشاں ہے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6

DATE: 10 AUG 2023

Page No: 20

# بلوچستان کا احساسِ محرومی بڑھ رہا ہے




tauceeph@gmail.com

فوجی آپریشن ہوئے تھے۔ اسکندر مرزا نے ریاست قلات کے خاتمہ کے لیے آپریشن کرایا تھا اور بہت سے لوگ پہاڑوں پر چلے گئے۔ جنرل ایوب خان کی حکومت نے پہاڑوں پر موجود سردار نوروز خان کو قرآن شریف کا واسطہ دے کر ہتھیار ڈالنے پر آمادہ کیا تھا تاکہ انھیں معافی دی جائے مگر ایوب حکومت نے اس معاہدہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے سردار نوروز خان، ان کے بیٹوں اور بھتیجوں کو پھانسی دے دی۔

ذوالفقار علی بھٹو کی حکومت میں عسکری شورش کو ختم کرنے کے لیے طویل ترین آپریشن ہوا تھا۔

جنرل ضیاء الحق کے دورِ حکومت میں جب کالعدم نیشنل عوامی پارٹی کے رہنماؤں کو حیدرآباد سازش کیس ختم کر کے رہا کیا گیا تو یہ شورش تھمی تھی۔

اس صدی کے آغاز کے ساتھ ایک منظم منصوبہ کے تحت بلوچستان میں شورش شروع ہوئی۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے سابق جج جسٹس مری کے قتل کے بعد مری قبیلہ کے سردار خیر بخش مری کو حراست میں لیا گیا، پھر ڈیرہ بگٹی میں آپریشن کیا گیا۔ اس آپریشن کے نتیجہ میں سابق گورنر بلوچستان اور بگٹی قبیلہ کے سردار اکبر بگٹی مارے گئے، اکبر بگٹی واحد سردار تھے جو ہمیشہ متحدہ پاکستان کے علم بردار رہے۔ سردار اکبر بگٹی کی ہلاکت کے بعد بلوچستان میں شورش میں شدت پیدا ہوئی۔ پہلے دیگر صوبوں خصوصاً پنجاب سے آنے والے اساتذہ، خواتین، ڈاکٹر، وکلاء، صحافی اور پولیس افسران کی ٹارگٹ کلنگ ہوئی۔ اس ٹارگٹ کلنگ کی بناء پر بہت سے اساتذہ، ڈاکٹر اور افسر بلوچستان سے چلے گئے۔ بلوچستان کے تعلیم اور صحت کے شعبوں کو شدید نقصان ہوا، پھر بلوچ سیاسی کارکنوں کی مسخ شدہ لاشیں ملنے لگیں۔

ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کو چن چن کر قتل کیا جانے لگا، یوں سیاسی قتل و غارت کے ساتھ مذہبی منافرت کی بناء پر قتل کی بھی نئی تاریخ رقم ہوئی۔

بلوچستان میں 2013 میں نیشنل پارٹی کے رہنما اور متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر عبد المالک بلوچ مخلوط حکومت میں ڈھائی سال کے لیے وزیر اعلیٰ بنائے گئے، انھوں نے خودساختہ جلاوطن رہنماؤں کی ملک واپسی کے لیے ان سے مذاکرات کیے۔ بہرحال ڈاکٹر عبدالمالک کی کوششوں سے بلوچستان میں مختصر مدت کے لیے امن قائم ہوا مگر پھر ان کی حکومت پہلے سے کیے گئے معاہدہ کے تحت ختم کی گئی۔ جس کے بعد بلوچستان میں حالات پھر خراب ہونے لگے۔ اس دوران چین سے کیے گئے معاہدہ کے تحت سی پیک منصوبہ پر کام شروع ہوا۔ اس منصوبہ کے تحت گوادر کو چین کے صوبہ کاشغر سے ملا دیا گیا مگر سی پیک معاہدہ کے تحت گوادر میں جدید بندرگاہ تعمیر ہوئی۔ جدید ترین انداز میں سڑکوں کی تعمیر ہوئی، مگر مستقل سیکیورٹی چیک پوسٹوں کے قیام سے مقامی افراد میں نفرت پیدا ہونے لگی۔ انسانی حقوق کمیشن کے ایک وفد نے تربت، گوادر اور اطراف کے علاقوں کا دورہ کیا۔ اس وفد کے ایک رکن حسین نقی کا کہنا تھا کہ تربت شہر میں داخل ہوتے وقت درجن سے زیادہ سیکیورٹی چوکیوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ گوادر کے ماہی گیروں کے لیے حالات اس حد تک خراب ہوئے کہ جماعت اسلامی بلوچستان کے سیکریٹری جنرل مولانا ہدایت الرحمٰن نے ماہی گیروں کے روزگار کو بچانے کے لیے تحریک چلائی۔ ان کا بیانیہ تھا کہ کوہاٹ اور جہلم سے آنے والے اہلکاروں کو مقامی افراد سے شناخت پوچھنے کا حق نہیں ہے۔ ہدایت الرحمٰن کا مؤقف تھا کہ ان کا خاندان سیکڑوں سال سے ماہی گیری کے شعبہ سے وابستہ ہے مگر اب ماہی گیروں کو ہی شکار پر جانے کی اجازت نہیں ہے۔ غیر ملکی ٹرالر مچھلی پکڑنے کے جدید جالوں کے ذریعہ شکار کر کے سمندر کو بانجھ کر رہے ہیں۔ وفاقی حکومت نے ماہی گیروں کے کچھ مطالبات تسلیم کیے مگر بلوچستان میں خودکش حملوں، لاپتہ ہونے والے افراد کی بازیابی، بلوچ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع کم ہونے اور دیگر صوبوں میں تعلیم حاصل کرنے والے بلوچ طلبہ کے لیے ناموافق حالات، بلوچستان کے عوام میں پہلے سے موجودہ احساسِ محرومی کو مزید گہرا کر رہے ہیں۔ ایسی صورتحال میں اس طرح کے فیصلے صورتحال کو مزید خراب کرتے ہیں۔

گوادر ایئرپورٹ کا نام کسی غیر بلوچی کے نام پر رکھنے کے بجائے بلوچستان کی شخصیت کے نام پر رکھنا چاہیے۔ آزادی کی جدوجہد کرنے والے اکابرین کے ساتھ زیادتی ہوگی۔ حکومت کو گوادر ایئرپورٹ کا نام میر غوث بخش بزنجو کے نام سے رکھنا چاہیے۔ میر صاحب نے ہمیشہ ہتھیار اٹھانے کو بلوچوں کے لیے خطرناک ہتھیار قرار دیا ہے اور ہمیشہ جمہوری طریقہ سے حقوق حاصل کرنے کی وکالت کی ہے۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ DATE: 10 AUG 2023 Page No: ______



کوئٹہ : گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے ڈائریکٹنگ اسٹاف بلوچستان سول سروسز اکیڈمی شبانہ سلطان ملاقات کررہی ہیں



گورنر کاکڑ سے فیڈریشن آف اٹیچڈ ڈیپارٹمنٹس آفیسرز ویلفیئر ایسوی ایشن کا وفد ملاقات کررہا ہے



رنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ، ڈاکٹر لعل خان کاکڑ، ہارون رشید، نعیم قریشی، یاسین آزاد، فاروق خٹک، قاری رحمت، امان اللہ، امان اللہ کاکڑ، منیر کاکڑ، افضال حریفال اور دیگر شہید باز محمد کاکڑ فاؤنڈیشن کے زیراہتمام شہداء 8 اگست کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے خطاب کررہے ہیں

Scanned with CamScanner



اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر جان محمد خان جمالی سے آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ ملاقات کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner